© rasailojaraid.com



کرنے اور علاقے کے رگ رگ کے معلومات حاصل کر کے ملک دِشمن عناصر کو پیش کرنے کے سوا حقیقی فلاح وبہبود کا کوئی دیرپا منشور نہیں ہے۔

بہر حال حکومت پاکستان پر لازم ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ان حساس سرحدی علاقوں میں کسی بھی نام سے ان سماج دشمن عناصر اور بیرونی ایجنٹوں کو بے لگام نہ چھوڑے تاکہ پاکستان کے اسلامی اقدار کا تحفظ رہے، جو دراصل استحکام وطن کی جان ہے، نیز مقامی طور پر Semi Government کا خطرناک تصور ختم ہو جائے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حکمرانوں کو حب الوطنی اور حریت پسندی کا جذبہ اور اغیار کی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی توفیق دے۔ آمین

# تبیان اوپن فورم کا کلوزایبل بیان

ہفت روزہ "باد شمال" میں شائع شدہ ایک خبر کے مطابق مذہب نور بخشیہ کے "تبیان اوپن فورم" میں سید محمد شاہ تھلوی اور شیخ سکندر نے اپنے مذہبی اختلافات اور صلح بلغار کے اسرار ورموز بیان کرتے ہوئے کہا کہ (امامت رسالت کا لازم بین ہے'۔ نیز شوری یعنی اکثریت کے بل بوتے پر خلافت کی تقرری اسلام میں جائز نہیں ، بلکہ خدا تعالیٰ نے لوگوں کے اختیار میں یہ چیز نہیں دی کہ وہ خلافت کا تقرر کریں۔ اور نبی ،امام، پیر برابر ہیں)۔

یعنی نعوذباللہ إمام الأنبياء ،خاتم المرسلين ،شفيع المذنبين حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور موجودہ پیر طریقت سید محمد شاہ کریسی کا مرتبہ برابر ہے۔ بہر حال یہ ان کے مذہبی عقائد کا بیان ہے ،بلکہ انکا داخلی معاملہ ہے۔

اگرچہ عام نور بخشی ان حضرات کی مذہبی وابستگی سے متعلق شدید تحفظات رکھتے ہیں ، پھر بھی یہ افسوسناک بات ہے کہ آپس کی بیان بازی کے آڑ میں 95% مسلمانوں (بشمول حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی دل آزاری کی جائے۔

اس بے تکے فتوے کے پس منظر میں وہ جن جن جلیل القدر ہستیوں کی تنقیص کرنا چاہتے ہیں یہ بھی واضح ہے۔

سوال یہ ہے کہ یہ وقت مسلمانوں کے درمیان اتفاق واتحاد کا متقاضی نہیں ہے ؟

کیا ہم اس قسم کے اختلافی بیانات کے متحمل ہو سکتے ہیں ؟

بہر حال اپنے اندر کھویا ہوا مقام حاصل کرنے کا یہ انوکھا طریقہ انتہائی نامناسب بلکہ قابل مذمت ہے۔ اور چھوٹا منہ بڑی بات کے مترادف ہے۔ ذیل میں ہم خلیفہ راشد امیر المؤمنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی زبان حق بیان سے

© rasailojaraid.com